# Sadiq Public School

Do the right, fear no man

Subject: Urdu | Class: I2 | Day: Saturday/16, Nov, 2024

Lesson:

## عنوان: نظم "نعت"

A. Inquiry:

1- نعت سے کیا مراد ہے؟

2- نصاب میں شامل نعت کس شاعر کی تخلیق ہے؟

3- معجزۂ شق القمر سے کیا مراد ہے؟

B. Information:

☆ لفظ نعت عربی زبان کا لفظ ہے، جس کے معنی تعریف و توصیف، مدح وستائش کے ہیں- فارسی لغات میں نعت کی تعریف یوں کی گئی ہے کہ "نعت کا لفظ، وصف اور ثنائے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) میں استعمال ہے" اردو میں لفظ نعت حضور اکرم ﷺ کی تعریف، آپ کی سیرت مبارکہ کا بیان اور آپ سے مسلمانوں کے اظہار محبت کے جذبات کے اظہار کا ذریعہ بھی ہے۔

☆ شامل نصاب نعت، مشہور نعت گو شاعر "حفیظ تائب" نے لکھی ہے- حفیظ تائب کہتے ہیں کہ آپ ﷺ اچھی عادات کے مالک اور اچھے خیالات کے حامل ہیں- آپ ﷺ بہترین انسان ہیں- آپ ﷺ اچھے حسب نسب والے ہیں- دل نشینی اور دل کشائی آپ ﷺ کے ہی اوصاف ہیں- آپ ﷺ اپنی ذاتی خوبیوں کی بدولت سب کے دلوں میں گھر کر لیتے ہیں- آپ ﷺ نے لوگوں کو اللہ کی وحدانیت کا پیغام دیا۔

☆ حفیظ تائب مزید کہتے ہیں کہ آپ ﷺ ہی صاحب حق تھے اور آپ ﷺ نے اپنی انگشت مبارک کے اشارے سے چاند کے دو ٹکڑے کیے تھے- یہ واقعہ تاریخ میں معجزۂ شق القمر کے نام سے مشہور ہے۔ آپ ﷺ دونوں جہانوں کے لیے رحمت ہیں۔ نہ صرف اس دنیا میں ہمارے لیے کامیابی کا ذریعہ ہیں بلکہ آخرت میں بھی نجات کا ذریعہ ہیں۔

☆ حفیظ تائب کہتے ہیں کہ ہماری زندگیوں میں موجود اندھیرے کب ختم ہوں گے اور کب ہماری زندگی کی منزل ہمیں ملے گی- پستیوں میں گری ہوئی ملت اسلامیہ آپ ﷺ کی نگاہ کرم کی منتظر ہے- تائب کی درماندگی بھی آپ ﷺ ہی دور کر سکتے ہیں۔

☆ درج ذیل اشعار کو بغور پڑھیں اور ان کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کریں۔

شعر نمبر 1: ؎
خوش خصال و خوش خیال و خوش خبر، خیر البشر
خوش نژاد و خوش نہاد و خوش نظر، خیر البشر

شعر نمبر 2: ؎
دل نواز و دل پذیر و دل نشین و دل کشا
چارہ ساز و چارہ کار و چارہ گر، خیر البشر

شعر نمبر 3: ؎
سر بہ سر مہر و مروت، سر بہ سر صدق وصفا
سر بہ سر لطف و عنایت، سر بہ سر خیر البشر

☆ مشکل الفاظ کے معانی:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خوش خصال | اچھی عادات والا | خیر البشر | بہترین انسان | خوش خیال | اچھی سوچ کا مالک |
| دل نواز | دل کو تسلی دینے والا | دل پذیر | دلوں میں اتر جانے والا | دل نشین | دل میں گھر کرنے والا |
| دل کشا | دل کو کھولنے والا | سر بہ سر | سراسر / مکمل | مہر | محبت |
| مروت | لحاظ | صدق وصفا | سچائی اور پاکیزگی | لطف و عنایت | فضل و کرم |

☆ حوالہ جاتی اشعار:

برائے شعر نمبر 1: ؎
کردار کا یہ حال صداقت ہی صداقت
اخلاق کا یہ رنگ کہ قرآں ہی قرآں

؎
ہوئی تکمیل جن کی ذات پر ہر خیر و برکت کی
انھیں خیر البشر، خیر الوریٰ کہیے، بجا کہیے

| | | |
|---|---|---|
| برائے شعر نمبر2: | ے | دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمھی تو ہو<br>ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دنیا تمھی تو ہو |
| | ے | وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا<br>مرادیں غریبوں کی بر لانے والا |
| برائے شعر نمبر3: | ے | لطف ہی لطف ہے اس رحمت عالم کی نظر<br>خیر ہی خیر ہیں شاہ دوسرا کے جلوے |
| | ے | لطف خدائے پاک کی تصویر کھنچ گئی<br>پھرنے لگے جب آنکھ میں احسان مصطفیٰ |

C. Synthesizing/absorbing:

☆ اپنی نوٹ بک پر درج بالا تینوں اشعار میں بیان کردہ اہم نکات تحریر کریں۔

☆ اوپر دیے گئے مشکل الفاظ کے علاوہ دیگر وضاحت طلب الفاظ کے معانی لغت میں تلاش کریں۔

D. Practising:

☆ اپنی نوٹ بک پر مندرجہ بالا تینوں اشعار کی تشریح اور نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔

5. Feedback:

نوٹ: اپنی نوٹ بک پر لکھتے ہوئے یا اس کے علاوہ آپ کے ذہن میں کوئی اور اہم سوال ہو تو اپنے متعلقہ سیکشن کے اردو کے استاد کے ای میل ایڈریس پر بھیجیں۔

| Class | Teachers' Names | Teachers' Abbreviations | Teachers' whatsapp number | Instructions |
|---|---|---|---|---|
| I2A | Syed M. Ali Raza | SMA | syedmaliraza@gmail.com | I2A students will send their home assignments to their subject teacher (SMA) for checking and getting feedback. |
| I2B | M. Nouman Farooqi | NF | Mnomanfarooqi@gmail.com | I2B students will send their home assignments to their subject teacher (NF) for checking and getting feedback. |
| I2C | Syed Amir Abbas | AAB | Amirabba4488@gmail.com | I2C students will send their home assignments to their subject teacher (AAB) for checking and getting feedback. |
| I2D | Ahmed Raza Mehmod | ARM | raza2180@gmail.com | I2D students will send their home assignments to their subject teacher (ARM) for checking and getting feedback. |
| I2GA | Shazia Anwer | SAJ | Somuroshaz313@gmail.com | I2GA students will send their home assignments to their subject teacher (SAJ) for checking and getting feedback. |
| I2GB | Noureen Ghazanfar | NG | noureenghazanfar@yahoo.co | I2GB students will send their home assignments to their subject teacher (NG) for checking and getting feedback. |